© rasailojaraid.com



ہر پروگرام آدھے گھنٹے دورانیہ کا ہوگا اور مجموعی طور پر یہ سلسلہ ساٹھ قسطوں میں مکمل ہوگا۔اس پروگرام میں فن لینڈ کی زبان میں قرآن کے ترجمے کے ساتھ ساتھ کئی مقامات پر تبصرے بھی شایع کیے گئے ہیں۔ یہ وضاحتی تبصرے فنیش زبان میں قرآن کے مترجم اور فن لینڈ کی اسلامک سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے امام انس ہجار نے کیے ہیں۔اسلامک سوسائٹی آف فن لینڈ کے سربراہ محمد حسین عمر نے سرکاری ریڈیو پر شروع کیے گئے قرآنی تعلیمات کے اس پوگرام کے بارے میں بتایا کہ ''یہ ایک بہت چھا طریقہ ہے تا کہ عام لوگوں کو اسلام اور اسلامی روایات کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔اسکینڈ ے نیویا کے ملک فن لینڈ میں مجموعی آبادی تقریباً ڈیڑھ کروڑ ہے، جس میں مسلمانوں کی تعداد ۵۰ اور ۶۰ ہزار کے درمیان ہے۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۱۳؍مارچ ۲۰۱۵ء)

## کرد زبان میں قرآن کریم کے پہلے سرکاری ترجمہ کی اشاعت

ترکی میں مذہبی امور کے ملکی دفتر کی طرف سے پہلی مرتبہ کرد نسلی اقلیت کی زبان میں قرآن مجید کے ایسے سرکاری طور پر منظور شدہ ترجمہ کی اشاعت کا اہتمام کیا گیا ہے، جو اپریل کے آخر تک چھپ کر تیار ہو جائے گا۔ترک روزنامے ''صباح'' کی آن لائن اشاعت کے مطابق اس سے پہلے کرد زبان میں قرآن مجید کے چند ترجمے شایع تو ہوئے تھے، لیکن وہ مسلمانوں کی مختلف تنظیموں کی انفرادی کوششوں کا نتیجہ تھے، جن میں ترجمہ کی حد تک چند مسائل پائے جاتے تھے۔اب ترکی میں مذہبی امور کے ریاستی دفتر نے کرد زبان میں قرآن کے ترجمہ کا اہتمام کیا ہے اور اس کے مسودہ کا پہلے اسی اقلیت سے تعلق رکھنے والے کئی لسانی ماہرین اور متعدد مسلم علماء نے تفصیلی جائزہ لیا اور چند ہفتوں بعد کتابی شکل میں یہ ترجمہ پورے ترکی میں دستیاب ہو سکے گا۔ قرآن مجید کا یہ ترجمہ خاص طور پر جنوب مشرقی اناطولیہ میں رہنے والی کرد اقلیتی آبادی کے علاوہ حج یا عمرہ پر جانے والے کرد شہریوں میں بھی تقسیم کیا جائے گا۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۱۰؍اپریل ۲۰۱۵ء)

© rasailojaraid.com